روڈ، لاہور۔

اس کتاب کے فاضل مرتب جناب سردار مسیح گِل صاحب کے ایک مجموعے "تنقیدی ادب" پر ان صفحات میں تبصرہ کیا جا چکا ہے۔ یہ اُسی مجموعہ کی دوسری کڑی ہے۔ اس میں مرتب نے بڑی کاوش سے مختلف رسائل سے مضامین تلاش کر کے انہیں بڑے سلیقے کے ساتھ یکجا کیا ہے یہ مضامین اگرچہ مختلف اہلِ علم نے تنقید کے مختلف پہلوؤں پر لکھے ہیں لیکن ان میں ایک چیز قدرِ مشترک کی حیثیت رکھتی ہے کہ سب حضرات نے مغرب کے تنقیدی اصولوں کو پیشِ نظر رکھا ہے۔ یہ مجموعہ فاضل مرتبین کے حسنِ انتخاب کی شہادت دیتا ہے۔

SEERAT SOUVENIR | مرتب: جناب صدیقی صاحب۔ شائع کردہ: ڈو میڈیکل کالج، کراچی۔

یہ مجلہ ڈو میڈیکل کالج کی جمعیت طلبہ کی کاوشوں کا نتیجہ ہے۔ اس میں حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرتِ طیبہ کے متعلق اہلِ علم کے بیش قیمت مضامین جمع کیے گئے ہیں۔ لکھنے والوں میں مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی، مولانا ابوالحسن ندوی، جناب محمد اسد، پروفیسر خورشید احمد صاحب اور محترمہ مریم جمیلہ خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔ مجلے کا معیارِ کتابت و طباعت بہت اونچا ہے طلبہ کی یہ مقدس پیش کش ہر لحاظ سے قابلِ تحسین ہے۔